www.sgbauonline.com

AU-1974

# B.A. (Part—III) Examination
## URDU (Compulsory)
## (Modern Indian Language)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھئے۔ 20

۱۔ لیزر شعاع کی تعمیری صلاحیتوں پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ انسانی فکر و عمل کے نتیجہ میں کون سی حیرت انگیز چیزیں وجود میں آئیں؟ لیزر شعاع کی ایجاد کے تعلق سے بیان کیجئے۔

۳۔ دوسرے مذاہب کی بہ نسبت اسلام نے کس طرح عورت کو اہم مقام عطا کیا ہے؟

۴۔ آزادی سے قبل سماجی تحریکوں سے عورت کی حیثیت میں آئی تبدیلی پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ انٹرنیٹ سماج اور معاشرے کے لئے کس طرح نقصان دہ ثابت ہوا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

۶۔ سائبر اسپیس کا مفہوم سمجھاتے ہوئے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

۷۔ امریکہ کے حبشی غلاموں کا حال اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

۸۔ سرسید احمد خان کو اپنی قوم کی کن باتوں پر رنج ہے؟



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی چار بندوں کی تشریح کیجئے۔ 20

۱۔ ساون میں دیا پھر مہِ شوال دکھائی
برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی
کرتا ہے ہلال ابروئے پُرخم سے اشارہ
ساقی کو کہ بھر بادے سے کشتی طلائی

۲۔ رکھتا ہے تو دست سخا سامنے جس کے
ہے بحر بھی کشتی بکف از بہرِ گدائی
گم رہ کو ہدایت جو تری راہ پہ لادے
رہ زن بھی اگر ہو تو کرے راہ نمائی

۳۔ ہوگیا نقش دل یہ جو لکھا
قلم اس کا تھا اور اس کی دوات
تھیں تو دلّی میں اس کی باتیں تھیں
لے چلے اب وطن کو کیا سوغات

۴۔ نکتہ داں نکتہ سنج نکتہ شناس
پاک دل پاک ذات پاک صفات
شیخ اور بذلہ سنج شوخ مزاج
رند اور مجمع کرام و ثقات

۵۔ پہرے پہ یہ شجر کھڑے تھے
کانٹے رستے ہی میں پڑے تھے



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

سوسن کی زبان کیا تھی بے حس
کیا پھوٹ گئی تھی چشم نرگس

۶۔ سایہ ہی نہ پڑے کاش سوتا
بیلا ہی گلے کا ہار ہوتا
مہندی ہی جکڑتی ہاتھ پاؤں
رنگت ہی پکڑتی ہاتھ پاؤں

۷۔ کل اپنے مریدوں سے کہا پیر مغاں نے
قیمت میں یہ معنی ہے دُر ناب سے وہ چند
زہراب ہے اس قوم کے حق میں مئے افرنگ
جس قوم کے بچے نہیں خود دار و ہنرمند

۸۔ انداز بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات
یا وسعت افلاک میں تکبیر مسلسل
یا خاک کی آغوش میں تسبیح و مناجات

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار سوالوں کے جواب دیجئے۔ 20

۱۔ لکھنؤ کے گولڈن ایج کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۲۔ لکھنؤ کے عام عوام کس طرح پھبتی کے فن میں ماہر تھے؟

۳۔ ضلع کے فن کی تعریف بیان کرتے ہوئے مثال کے ذریعے وضاحت کیجئے۔



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۴۔ دہلی کے داستان گو لکھنؤ میں کیوں آنا شروع ہوئے تھے؟ بیان کیجئے۔

۵۔ مولانا آزاد کا سب سے پُر کیف وقت کون سا ہے اور کیوں؟

۶۔ مولانا آزاد نے قید خانے میں کن چیزوں میں عیش و مسرت کا سامان ڈھونڈا؟

۷۔ مولانا آزاد نے قید خانے میں صبح کی منظر کشی کس طرح کی ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

۸۔ مولانا آزاد نے ایسا کہا ہے کہ خود افسردہ خاطر ہو کر دوسروں کو افسردہ خاطر نہ بنائیں۔'' وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ 20

۱۔ مرید پور کا پیر۔

۲۔ اعتراض

۳۔ بچھو پھوپھی

سوال نمبر ۵۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 20

۱۔ میرا پسندیدہ قومی رہنما

۲۔ ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے

۳۔ تعلیم کی اہمیت

۴۔ اُف یہ مہنگائی

۵۔ انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات



www.sgbauonline.com